3927-اسمائے حسنی کو معین ترتیب سے پڑھنے کا حکم۔

سوال

مجھے کچھ لوگوں نے یہ کہا ہے کہ اگر آپ یہ یہ معین تعداد میں کئ ایک بار پڑھیں گے تو آپ کو اتنا اجر و ثواب حاصل ہوگا، اور اگر اسمائے حسنی کو معین ترتیب میں پڑھو گے تو اتنا ثواب حاصل کرو گے، میری آپ سے گزارش ہے کہ آپ کوئ نصیحت فرمائیں ؟

پسندیدہ جواب

شیخ عبداللہ بن قعود نے اس کے متعلق مندرجہ ذیل جواب دیا ہے :

ایسا کرنا جائز نہیں ہے اور اگر وہ یہ ایسا عقیدہ رکھتا ہے تو یہ بدعت ہوگی۔ اھ۔

اور جو کوئ ذکر بھی کسی عدد معین یا معین جگہ پر یا اس کی کیفیت معین کر لی جائے اور یہ تعیین شریعت سے ثابت نہ ہو تو یہ بدعت شمار ہوگی، اور رہا یہ مسئلہ کہ اسمائے حسنی کے ساتھ تعبد اور عبادت کرنے کا تو ان کے ساتھ دعا مانگی جائے گی جیسا کہ اللہ سبحانہ وتعالی نے ارشاد فرمایا ہے :

{اور اللہ تعالی کے لئے اچھے اچھے نام ہیں ان کے ساتھ اسے پکارو}. تو صرف معین تعداد اور معین کیفیت میں انہیں پڑھنا یہ مشروع عبادت نہیں۔

واللہ تعالی اعلم